Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۲۸ ماہ اپریل سنہ ۱۹۲۴ء	جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	تعداد صفحہ
۱	منتقلی تنخواہ منشی عبد القادر خان صاحب	۱
۲	رخصت غلام سبحانی خاں انسپکٹر چونگی	۲
۳	〃 سید منظور علی نائب محافظ دفتر	〃
۴	اعلان کتب جدید الطبع	〃
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس [illegible]	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

منتقلی تنخواہ

۱۷ اپریل سنہ ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر منشی عبد القادر خان افسر کارخانہ جات کی تنخواہ اسّی روپیہ ماہوار برادر کمیٹی ذات خاص سے بمد ڈیوڑھیات یکم اپریل سنہ ۱۹۲۴ء سے منتقل فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۹ ر اپریل ۱۹۲۴ء

حسب تحریر میونسپل افسر صاحب۔ غلام سبحانی خان انسپکٹر چنگی کی رخصت پندرہ یوم بوضع تنخواہ بوجہ علالت منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ ر اپریل ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع۔ بیس دن کی رخصت سید منظر علی نائب محافظ دفتر فوجداری کی بعوض سید غضنفر علی بغرض جانے مقام کسولی منظور کی گئی۔

علمی ذخیرہ

اعلیٰحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئے ہیں۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲/ ہے

التوحید ۔ یہ کتاب ۔ مع حاشی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اس میں خداوند عالم کے وجود اوسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کیگئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲/ ہے

جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست مع رقم صاحب کتب خانہ کی خدمت میں ارسال فرمائیے

ذو الفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا